20-01-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- ڈونالڈ ٹرمپ آج امریکہ کے 47ویں صدر کے طور پر حلف لیں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر حلف برداری کی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

2- عالمی اقتصادی فورم کا 55واں سالانہ اجلاس آج شروع ہوگا۔ اِس پانچ روزہ پروگرام میں مرکزی وزیر اشونی ویشنو بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔

3- غزہ جنگ بندی معاہدہ کے تحت رہا کیے گئے پہلے تین یرغمال اسرائیل پہنچ گئے ہیں۔

4- لوک سبھا اسپیکر اوم برلا آج پٹنہ میں آل انڈیا Presiding افسروں کی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

5- IMDنے مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے زیر اثر اگلے پانچ روز کے دوران شمالی بھارت کے مختلف حصوں میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور

کھوکھو عالمی کپ کے افتتاحی ایڈیشن میں بھارت کی مردوں اور خواتین، دونوں ہی ٹیموں نے نئی دلی میں خطاب جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Trump Oath

جناب ڈونلڈ ٹرمپ آج امریکہ کے سینتالیسویں صدر کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ حلف برداری کی یہ تقریب، واشنگٹن ڈی سی میں، امریکہ کے چیف جسٹس John Roberts کی موجودگی میں منعقد کی جائے گی۔ یہ تقریب، بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگی۔ جناب ٹرمپ، اقتدار کی منتقلی کے حصے کے طور پر، اپنا پہلا خطاب کریں گے۔

اُن کے علاوہ JD Vance کو، امریکہ کے نائب صدر کی حیثیت سے حلف دلایا جائے گا۔

امید ہے کہ حلف برداری کی تقریب میں بہت سے غیر ملکی رہنماء شرکت کریں گے۔ اِن میں ارجنٹینا کے صدرJavier Milei ، اٹلی کی وزیر اعظمGiorgia Meloni ، ایکواڈور کے صدرDanniel Noboa ، ایل سیلواڈور کے صدرNayib Bukele ، برازیل کے سابق صدر Jair Bolsonaro اور پولینڈ کے سابق وزیر اعظم Mateusz Morawieck شامل ہیں۔

اِس تقریب میں بھارت کی نمائندگی وزیر خارجہ ایس جے شنکر کریں گے۔

مہمانوں میں، ٹیسلا کے ایلون مَسک، ایمیزن کےJeff Bezos ، میٹا کے مارک ذکربرگ، Appleکے Tim Cook اور Open AI کے Sam Altman بھی شرکت کریں گے۔

78سالہ ٹرمپ نے اپنی حلف برداری سے پہلے کل رات واشنگٹن ڈی سی میں، اپنی فتح کی ایک ریلی میں اپنے حامیوں سے خطاب کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ وہ اپنی صدارت کے پہلے روز، بہت سے ایگزیکٹو احکامات پر دستخط کریں گے۔

S/B Trump

World Economic Day

عالمی اقتصادی فورم WEF کی 55 وِیں سالانہ میٹنگ آج سوئٹزرلینڈ کے شہر Davos میں شروع ہوگی۔ اِس 5 روزہ میٹنگ میں، سب کی شمولیت والی ترقی اور ڈیجیٹل انقلاب کے، بھارت کے طریقہٗ کار کو اُجاگر کیا جائے گا۔ بھارتی وفد کی قیادت اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو کریں گے۔ وفد میں جَل شکتی کے وزیر سی-آر پاٹل، شہری ہوابازی کے وزیر کے-رام موہن نائیڈو، خوراک کی ڈبّہ بندی کی صنعتوں کے وزیر چراغ پاسوان اور ہُنرمندی نیز کاروبار کے جذبے کو فروغ دینے کے محکمے کے وزیر مملکت جیَنت چودھری بھی شامل ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ بھارت کی مؤثر اقتصادی ترقی، عالمی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔

یہ ترقی کئی اہم شعبوں میں ہوئی ہے، جس کی وجہ سے عالمی سطح پر بھارت کی پوزیشن ایک قائد ملک کے طور پر مستحکم ہوئی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Dependra / Saklen Akhtar

یہ سالانہ میٹنگ، عالمی رہنماؤں کے لیے ایک فورم ہے کہ وہ عالمی اور علاقائی سطح کے اہم چیلنجوں سے نمٹنے پر غور و خوض کریں۔ عالمی اقتصادی فورم میں، بھارت کی شرکت کا مقصد شراکت داری کو مضبوط کرنا، سرمایہ کاری کو راغب کرنا اور ملک کو ایک پائیدار ترقی اور ٹیکنالوجیکل اختراع کے میدان میں، ایک عالمی رہنماء کے طور پر مستحکم کرنا ہے۔ 6 ریاستوں آندھراپردیش، مہاراشٹر، تلنگانہ، تمل ناڈو، اترپردیش اور کیرالہ کے اعلیٰ سطح کے نمائندگان، خطّے کی صنعتی ترقی، سرمایہ کاری کے موقعوں اور کامیابی کی داستانوں کو، بھارت میں جاری اقتصادی یکسر تبدیلی کے حصے کے طور پر نمایاں کریں گے۔ میٹنگ کے دوران سب کی شمولیت والی ترقی، سماجی، مادّی اور ڈیجیٹل بنیادی

ڈھانچے کے شعبے میں سرمایہ کاری اور تمام لوگوں کے لیے ٹیکنالوجی کے بارے میں تبادلہئ خیال کریں گے۔

دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

## Israel Hostages

غزہ میں، حماس کی طرف سے یرغمال بنائے گئے، جِن پہلے تین افراد کو رِہا کیا گیا ہے، وہ اسرائیل پہنچ گئے ہیں۔ 471 دن کے یرغمال کے بعد، کَل اِن تین اسرائیلی خواتین کو آخر کار آزاد کر دیا گیا۔ اِن خواتین کو اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کے ایک معاہدے کے پہلے دن رِہا کیا گیا ہے۔

ایک برطانیہ نژاد اسرائیلیEmily Damari ، مویشیوں کی ایک نرس Doron Steinbrecherاور Romi Gonen کو 7 اکتوبر 2023 کو حماس میں، Nova Music فیسٹیول سے اغوا کر لیا تھا۔

رِہا کی گئی اِن اسرائیلی خواتین کو، ریڈ کراس کے ذریعے اُن کے کنبوں کے حوالے کیا گیا۔ اسرائیل نے بھی، حماس کے ساتھ جنگ بندی کے معاہدے کے حصے کے طور پر، 90 فلسطینی قیدیوں کو بھی رِہا کر دیا ہے۔

اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نتن یاہو نے اِس رِہائی کو ایک اہم لمحہ قرار دیا ہے، جس کا سہرہ انہوں نے، بائیڈن انتظامیہ اور منتخبہ صدر ٹرمپ کی، معاہدے پر عمل کرانے والی منتقلی ٹیم کو دیا ہے۔

اسرائیلی فوج نے، خبردار کیا ہے کہ اگر حماس کی طرف سے معاہدے کی کوئی خلاف ورزی ہوئی، تو وہ اُس کے خلاف کارروائی کرنے کے لیے تیار ہے۔×

## Bihar AIPOC

پٹنہ میں، آل انڈیا پریزائڈنگ افسروں کی باوقار 85 ویں کانفرنسAIPOC ، آج شروع ہوگی۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اِس دو روزہ کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ یہ کانفرنس 43 سال کے وقفے کے بعد بہار میں منعقد کی جا رہی ہے، پورے ملک کے مختلف قانون ساز اداروں اور لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے پریزائڈنگ افسران ”آئین کے 75 سال کی تکمیل: آئینی اقدار کو مستحکم بنانے میں پارلیمنٹ اور ریاست کے قانون ساز اداروں کا تعاون“ کے موضوع پر تبادلہئ خیال کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## V/C - Dharmendra Kumar Rai

بہار، تیسری مرتبہ باوقار کانفرنس کی میزبانی کر رہا ہے۔ بہار اسمبلی اسپیکر نندکشور یادو نے کہا ہے کہ لوک سبھا اسپیکر بہار قانون ساز اسمبلی کے سینٹرل ہال میں کانفرنس کے مکمل اجلاس کی صدارت کریں گے۔

آج سہ پہر اسمبلی میں مکمل اجلاس منعقد ہوگا۔ مختلف قانون ساز اداروں کے اسپیکرس، نائب اسپیکرس، چیئرمین، اور ڈپٹی چیئرمین سمیت تقریباً تین سو مندوبین کانفرنس میں شرکت کرنے کے لیے پٹنہ پہنچ گئے ہیں۔

پٹنہ سے دھرمیندر رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبرنامے کے لیے میں.........

بہار کے گورنر عارف محمد خاں کل کانفرنس کے اختتامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، پارلیمنٹ کے طور طریقوں سے متعلق کتاب کے آٹھویں ایڈیشن کا افتتاح کریں گے۔

بہار اسمبلی کے اسپیکر نند کشور یادو نے، آکاشوانی کے خبروں کے شعبے کو بتایا کہ اِس تقریب کے دوران ایک میزبان کی حیثیت سے، وہ مہمانوں کے لیے، رنگا رنگ پروگراموں کی شکل میں بہار کی ثقافتی وراثت کو نمایاں کریں گے۔

S/B - N K Yadav

Delhi Election

دلی اسمبلی انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ 70 سیٹوں کے لیے کُل719 امیدوار میدان میں ہیں۔ نئی دلی اسمبلی حلقے میں امیدواروں کی سب سے زیادہ تعداد 23 ہے، جبکہ پٹیل نگر اور کستوربا نگر سیٹوں پر پانچ امیدواروں کی سب سے کم تعداد ہے۔ اعلیٰ انتخابی افسر کے مطابق ایک ہزار 522 نامزدگیوں میں سے کُل 447 نامزدگیاں مسترد کی جا چکی ہیں۔

دلی اسمبلی انتخابات کے لیے ووٹنگ اگلے مہینے کی 5 تاریخ کو ہوگی جبکہ ووٹوں کی گنتی 8 فروری کو کی جائے گی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

CM Mahakumbh Review

اور اب کچھ خبریں پریاگ راج میں جاری مہاکُمبھ سے متعلق

Mahakumbh Montage Opening

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے، افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ مہا کُمبھ میلے کے علاقے میں، بھیڑ پر قابو پانے اور مواصلات کے نظام کو بہتر بنائیں۔ وزیر اعلیٰ نے یہ ہدایت آئندہ یومِ جمہوریہ تقریبات اور مَونی اماوسّیہ، نیز ’بسنت پنچمی امرت سنان‘ تہواروں کے پیش نظر جاری کی ہے۔ انہوں نے 29 جنوری اور اگلے مہینے کی تین تاریخ کو ’امرت سنان‘ کے دوران بڑے پیمانے پر حفاظتی انتظامات کے لیے کہا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Anand Kumar

وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ خصوصی دنوں میں، بھیڑ کو اور بہتر طریقے سے کنٹرول کیا جائے۔ پنٹون پُلوں کو یکطرفہ بنایا جائے تاکہ لوگ ایک پُل پر سے آسکیں اور دوسرے سے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ میلے کے پورے علاقے میں، مَونی اماوسّیہ اور بسنت پنچمی کے موقعوں پر، گاڑیوں کی آمدورفت پر روک لگا دی جائے۔ یوگی آدتیہ ناتھ نے زور دے کر کہا ہے کہ عقی1دتمندوں کے جذبات کا احترام کیا جائے اور افسران کو چاہیے کہ وہ کسی بھی ضرورت میں مدد کے لیے پوری طرح تیار رہیں۔ وزیر اعلیٰ نے صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم سمیت بہت سی شخصیتوں کے امکانی دورے کے پیش نظر پریاگ راج میں، آئندہ دنوں کے لیے ہدایت دی ہے کہ سبھی ضروری تیاریاں بروقت مکمل کر لی جائیں۔

انہوں افسران کو یہ ہدایت بھی دی کہ وہ بجلی اور پانی کی بلا روکاوٹ سپلائی کو یقینی بنائیں۔ بیت الخلا اور صفائی ستھرائی کا بھی مناسب انتظام کیا جائے۔ دوسری طرف ریلوے حکام سے بھی کہا گیا ہے کہ وہ 25 جنوری سے اگلے مہینے کی 5 تاریخ تک خصوصی انتظامات کریں۔ ریلوے افسران نے بتایا کہ مَونی اماوسّیہ کے لیے 200 سے زیادہ خصوصی ریل گاڑیاں چلائی جائیں گی۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

Ratapandi MKB

وزیر اعظم نریندر مودی نے من کی بات پروگرام میں مدھیہ پردیش کے Ratapani Tiger Reserveکا تذکرہ کیا تھا۔ Ratapani مدھیہ پردیش کا آٹھواں ٹائیگرس ریزرو علاقہ ہے جبکہ ملک کا یہ 57واں ٹائیگرس ریزرو علاقہ ہے۔

ایک رپورٹ

V/C Sanjeev Sharma

مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے ملک اور بیرونِ ملک کے عوام کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار کیے جانے کے دوران راتاپانی ٹائیگرس ریزرو کا تذکرہ کیے جانے کے لیے وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا ہے۔

Sound Byte: MP CM

انھوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کے مشورے پر ہم آسام میں ہونے والے اچھے تجربے کو مدھیہ پردیش میں بھی نافذ کریں گے۔ راتاپانی ٹائیگرس ریزرو ریاستی راجدھانی کے نزدیک واقع ہے اور مدھیہ پردیش کا ایسا واحد ٹائیگرس ریزرو ہے جس میں ہاتھی بھی ہیں اور اِس ریزرو میں 90 سے زیادہ شیر اور دیگر جنگلی جانور بھی ہیں۔

راتاپانی ٹائیگرس ریزرو کا گذشتہ سال 13 دسمبر کو افتتاح کیا گیا تھا۔ یہ ایک ہزار 271 کلومیٹر کے رقبے پر محیط ہے-x

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.........

## Saif AttaCK Case

ممبئی کی ایک عدالت نے اداکار سیف علی خان پر حملے کے ملزم بنگلہ دیشی شہری شریف الاسلام شہزاد کو پانچ دن کی پولیس حراست میں دے دیا ہے۔ شہزاد، جمعرات کو اداکار سیف علی خان پر حملہ کرنے اور زخمی کرنے کا ملزم ہے جسے اُن کی باندرہ رہائش گاہ پر غیر قانونی طور پر داخل ہونے پر پکڑا گیا ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے (IMD) نے مغربی ہمالیائی خطے، جموں و کشمیر، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں اگلے پانچ روز کے دوران مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے زیرِ اثر بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر نریش کمارنے کہا کہ پنجاب، ہریانہ، مغربی اترپردیش، دلی NCRاور شمالی راجستھان میں بدھ اور جمعرات کو بارش کا امکان ہے۔

## S/B Naresh Kumar

IMDنے اگلے تین روز کے دوران شمالی مغربی بھارت کے میدانی علاقوں میں کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج دو سے تین ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

## Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ”سڑک پر حفاظت کو یقینی بنانے“ کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت کے ایڈیشنل سیکریٹری محمود احمد اور ٹرانسپورٹ کے ماہر انل چھِکارا کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔
x

## Hockey HIL

خواتین کی ہاکی انڈیا لیگ میں کل رات راورکیلا کے برسامنڈا ہاکی اسٹیڈیم میں اڑیسہ وارئرس نے بنگال ٹائیگرس کو تین-ایک سے ہرایا۔

کل رات اسی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے مردوں کے ہاکی انڈیا لیگ کے ایک مقابلے میں Kalinga Lancersنے شاندار واپسی کرتے ہوئے دلی SG Pipers کو Shoutout میں تین-دو سے شکست دی۔

## Mandaviya Informal Sector

محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے آج نئی دلی میں بالواسطہ شعبے میں ورکروں کے لیے ضابطہ سازی اور سوشل سیکیورٹی سروس پر ایک دو روزہ بین الاقوامی سیمینار کا افتتاح کریں گے۔

اِس سیمنار کا بنیادی مقصد سماجی تحفظ میں توسیع کو غیر سرکاری ورکرز تک لے جانے میں متعلقہ فریقوں کی صلاحیت کو بڑھانا ہےx

## Post 75 Year Constitution

ڈاک کا محکمہ آج نئی دلی میں آئین کو اختیار کیے جانے کی 75 سال پورے ہونے کی تقریبات میں منانے کے لیے ایک تین روزہ پروگرام منعقد کرے گا۔

یہ تقریب National Philatelic Museum میں منعقد ہوگی اور اس میں سبھی عمر کے وزیٹرس کے لیے تفریحی اور مصروف رہنے والی سرگرمیاں ہوں گی۔

تقریبات کے دوران نمائش، کوئز، Stamp Safariاور Letter Writing مقابلے بھی منعقد ہوں گے۔x

## EPFO Mem Profile

ملازمین کے پرووڈنٹ فنڈ کی تنظیم EPFO نے، ارکان کے لیے اس عمل کو سہولت آمیز بنایا ہے کہ وہ اپنے بارے میں تازہ ترین معلومات، آن لائن آسانی سے فراہم کر سکیں۔ جن ارکان کے پاس یونیورسل کھاتہ نمبر ہیں، اُنھیں آدھار کے ذریعے مجاز قرار دے دیا گیا ہے اور وہ اپنے نام، تاریخ پیدائش، صنف، قومیت، والد یا والدہ کا نام، جوائننگ کی تاریخ اور ملازمت، خود چھوڑ دینے کی تاریخ جیسی تفصیلات فراہم کر سکتے ہیں، جس کیلئے اُنھیں کوئی دستاویز اَپ لوڈ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

محنت اور روزگار کی وزارت نے بتایا کہ تازہ ترین معلومات فراہم کرنے سے، اُن تقریباً تین لاکھ 90 ہزار ارکان کو فوری طور پر فائدہ ہوگا جن کی درخواستیں مختلف مراحل میں زیر التوا ہیں۔x

Khoko World PM

پہلی بار منعقد ہونے والے کھو کھو کے عالمی کپ میں، بھارت کی مرد اور خواتین دونوں ہی ٹیموں نے خطاب جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔ دونوں ٹیموں نے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں ہوئے مقابلے میں، بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے یہ خطاب اپنے نام کیا۔ مردوں کی ٹیم نے فائنل میں نیپال کو 36 کے مقابلے 54 کے بڑے فرق سے ہرایا۔ اس سے پہلے خوارتین کی ٹیم نے اپنے فائنل مقابلے میں، نیپال کو 40 کے مقابلے 78 کے نمایاں فرق سے شکست دی۔

مردوں کے فائنل مقابلے میں نیپال نے اچھا مقابلہ کیا لیکن وہ بھارت کو ٹکر نہیں دے سکی۔ مردوں کی ٹیم نے گروپ اسٹیج میں برازیل، پیرو اور بھوٹان کو ہرایا۔ کوارٹر فائنل میں بنگلہ دیش کو ہرایا اور سبھی فائنل میں برازیل کو شکست دی۔

دوسری جانب خواتین ٹیم فائنل مقابلے میں شروعات سے ہی نیپال سے آگے رہی۔ گروپ اسٹیج میں انہوں نے جنوبی کوریا، ایران اور ملیشیا کو ہرایا۔ کوارٹر فائنل میں بنگلہ دیش کو ہرایا اور سیمی فائنل میں جنوبی افریقہ کو شکست دی۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے من کی بات کے 118ویں نشریے میں دیے گئے مختلف بیانات کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیراعظم کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ عوام مشترکہ بھائی چارے و بھلائی کے لیے متحد ہوں۔ انھوں نے آئین بنانے والوں کے خوابوں کے مطابق بھارت کی تعمیر پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اسکے لیے ہمیں مشترکہ فلاح و بہبود، ثقافتی تحفظ اور مساوات کے اقدار کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ روزنامہ انقلاب نے ان کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ آج ہمارا ملک فلائی ٹیکنالوجی میں نئے ریکارڈ قائم کر رہا ہے جو تمام بھارتیوں کے لیے فخر کی بات ہے۔

آج کے مختلف اخباروں نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ملک کو 2047 تک ترقی یافتہ ملک بنادیں گے۔

موسمیات کے محکمے کی جانب سے دلی سمیت کئی ریاستوں میں بارش کا الرٹ جاری ہونے کی خبر کو بھی کئی اخباروں نے پیش کیا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھتا ہے کہ مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے زیر اثر بارش اور دھند میں اضافہ ہوگا۔

مہاکمبھ زون میں آگ لگنے سے بہت سے ٹینٹ جلنے کی خبر کو بھی کئی اخباروں نے پیش کیا ہے۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے کل آندھرا پردیش کے گناورم میں، NDRFکیمپس اور NIDM ساؤتھ کیمپس کا افتتاح کیا۔ اس خبر روزنامہ پرتاپ نے صفحہ اول پر پیش کیا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- ڈونالڈ ٹرمپ آج امریکہ کے 47ویں صدر کے طور پر حلف لیں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر حلف برداری کی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

2- عالمی اقتصادی فورم کا 55واں سالانہ اجلاس آج شروع ہوگا۔ اِس پانچ روزہ پروگرام میں مرکزی وزیر اشونی ویشنو بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔

3- غزہ جنگ بندی معاہدہ کے تحت رہا کیے گئے پہلے تین یرغمال اسرائیل پہنچ گئے ہیں۔

4- لوک سبھا اسپیکر اوم برلا آج پٹنہ میں آل انڈیا Presiding افسروں کی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

5- IMDنے مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے زیر اثر اگلے پانچ روز کے دوران شمالی بھارت کے مختلف حصوں میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور

کھوکھو عالمی کپ کے افتتاحی ایڈیشن میں بھارت کی مردوں اور خواتین، دونوں ہی ٹیموں نے نئی دلی میں خطاب جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔